# زاویہ سکول سسٹم

**جماعت ششم** **مضمون: معاشرتی علوم** **دوسری سہ ماہی 2026**

## باب نمبر 8 انسانی بستیاں

### سوالات کی جوابات

مختصر سوال نمبر-1 دیہی بستیوں کی سرگرمیاں بیان کریں۔

جواب: دیہی بستیاں چھوٹی ہوتی ہیں اور یہاں زراعت اہم ترین پیشہ ہوتا ہے۔لوگ عام طور پر کھیتی باڑی بھی کرتے ہیں۔

سوال نمبر-2 پاکستان کے سب سے بڑے شہر یعنی کراچی پر نوٹ لکھیں۔

جواب: کراچی پاکستان کے صوبے سندھ کا دارالحکومت ہے۔آبادی کے لحاظ سے یہ پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہے۔یہ بحیرہ عرب کے ساحلی علاقے پر واقع ہے۔

سوال نمبر-3 مسلمانوں کے مقدس ترین شہر مکہ پر نوٹ لکھیں۔

جواب: مقدس شہر مکہ سعودی عرب میں ہے۔یہ شہر ساری دنیا کے مسلمانوں کے لیے نہایت مقدس اور قابلِ احترام ہے کیونکہ یہاں بیت اللہ اور مسجد الحرام موجود ہے۔حضور اکرم ﷺ کی پیدائش اسی شہر میں ہوئی۔استطاعت رکھنے والے ہر مسلمان پر زندگی میں ایک مرتبہ مکہ میں حاضر ہو کر حج ادا کرنا ضروری ہے۔

تفصیلی سوال نمبر۔4 بستیوں کے مراتب سے کیا مراد ہے؟ آبادی کے لحاظ سے بستیوں کے مراتب بیان کریں۔

جواب: انسانی بستیوں کے مراتب: بستیوں کو ان کے پھیلاؤ اور آبادی کے لحاظ سے مختلف مرتبوں میں تقسیم کرنا انسانی بستیوں کے مراتب کہلاتے ہیں۔انسانی بستیوں کو مندرجہ ذیل مراتب میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

1 تن تنہا رہائش: تن تنہا رہائش ایسی بستی کو کہتے ہیں جس میں صرف ایک یا دو گھر ہوں اور ایک یا دو خاندان زندگی بسر کر رہے ہوں۔

2 قریہ: قریہ ایسی بستی کو کہا جاتا ہے جس میں رہنے والے افراد کی تعداد 100 سے زیادہ نہ ہو اور جس میں صرف چند ہی گھر ہوں جو کہ کچے مکانات اور جھونپڑیوں پر مشتمل ہوں۔

3 گاؤں: گاؤں ایسی بستی کو کہا جاتا ہے جہاں رہنے والے افراد کی آبادی چند سو ہو۔مکانات عام طور پر کچے ہوں اور چند ایک دکانیں ہوں۔

4 قصبہ: قصبہ ایسی بستی کو کہتے ہیں جہاں آبادی 1000 سے لے کر 20000 افراد پر مشتمل ہو۔

5 شہر: شہر ایسی بستی کو کہا جاتا ہے جس کی آبادی ایک لاکھ سے زیادہ ہو اور یہاں لوگوں کا اہم پیشہ زراعت کی بجائے صنعت ہو۔

6 بڑا شہر: بڑا شہر ایسی بستی کو کہا جاتا ہے جہاں لوگوں کی تعداد دس لاکھ تک ہو اور زیادہ تر آبادی صنعت اور دوسرے پیشوں سے منسلک ہو۔

سوال نمبر-5 بستی کی جائے وقوع اور محلِ وقوع سے کیا مراد ہے؟

جواب: بستی کی جائے وقوع: بستی کی جائے وقوع سے مراد زمین کا وہ قطعہ ہے جہاں بستی موجود ہو۔

بستی کا محلِ وقوع: بستی کے محلِ وقوع سے مراد بستی کے آس پاس موجود اشیاء، بستیاں، زمینی خدوخال وغیرہ ہیں۔

**1۔ خالی جگہ پُر کریں۔**

**1۔ غربت 2۔ 80 3۔ 8،2 4۔ 4،115 5۔ نیویارک**

**2۔ کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| **کالم الف** | **تن تنہا رہائش** | **گاؤں** | **قریہ** | **قصبہ** |
| **کالم ب** | **ایک یا دو مکانات** | **سینکڑوں کی تعداد میں آبادی** | **سو سے کم افراد** | **1000 سے 20000 کے درمیان آبادی** |

# باب نمبر 9 وادیِ سندھ کی تہذیب

سوال نمبر-1 وادیِ سندھ کے اہم شہروں کے نام بتائیں۔ان کے آثار کن علاقوں میں واقع ہیں؟

جواب: وادیِ سندھ کے اہم شہروں میں ہڑپہ اور موئن جودڑو شامل ہیں۔ بلوچستان کے ساحل سے کاٹھیاوار تک، جھنگ، بٹھیال، وادی سوات، وادی گومل میں اس تہذیب کے آثار ملے ہیں۔

سوال نمبر-2 وادی سندھ کی تہذیب میں کس قسم کی مہریں دریافت ہوئی ہیں؟

جواب: مہروں پر اصلی جانوروں اور خیالی جانوروں کی تصویروں کے علاوہ تحریریں بھی ہیں اور تصویری علامتیں ہیں۔

سوال نمبر-3 وادی سندھ کی تہذیب میں بڑے بڑے شہروں کی موجودگی سے ہمیں کیا پتا چلتا ہے؟

جواب: بڑے شہروں کی موجودگی اس بات کا ثبوت ہے کہ آبادی وسیع تھی۔ وافر اجناس پیدا ہورہی تھیں۔ پختہ اینٹوں کا کثرت سے استعمال، وسیع جنگلات کی موجودگی کا پتا چلتا ہے۔ برتنوں اور مہروں پر جانوروں کی شکلیں اور دفینوں میں ان کی ہڈیاں جانوروں کی کثرت کا پتا دیتی ہیں۔ ہڑپہ اور موئن جودڑو ہم عصر شہر تھے جو جڑواں دارالحکومت تھے۔

سوال نمبر-4 مذہبی عقائد کے اعتبار سے وادی سندھ کے لوگ کس مذہب کے پیروکار تھے؟

جواب: یہ لوگ مشرک تھے اور مورتیوں کی پوجا کرتے تھے۔

تفصیلی سوال نمبر-5 وادی سندھ کی تہذیب کے زوال کی وجوہات پر بحث کریں۔

جواب: وادی سندھ کی تہذیب کا اختتام کیسے ہوا؟ شہر کیسے تباہ ہوئے؟ وہ فنون نہ رہے، دستکاریاں اور صنعت وحرفت ختم ہوگئی، وہ تہذیب صفحہ ہستی سے مٹ گئی اور اس تہذیب کا تذکرہ تک بھی باقی نہ رہا۔ وہ لوگ کہاں چلے گئے۔ اس ضمن میں مورخین اور ماہرین آثار قدیمہ مختلف آرا رکھتے ہیں۔ اس تہذیب کے خاتمے میں یقیناً کچھ اندرونی اور کچھ بیرونی عوامل کا دخل ہوگا۔ پرانا مقبول عام نظریہ یہ ہے کہ آریاؤں نے اس تہذیب کو ختم کیا۔ کھدائی سے یہ شواہد ملے ہیں کہ یہ شہر بتدریج زوال پذیر ہوا۔ بار بار سیلاب سے یہ شہر کئی بار تباہ ہوا۔

**1۔ خالی جگہ پُر کریں۔**

**1۔ تانبا　2۔ ہڑپہ　3۔ غلاموں　4۔ حمام، بڑا غسل خانہ　5۔ برتن**

**2۔ درست اور غلط بیانات کی نشاندہی کریں۔**

**1۔ درست　2۔ غلط　3۔ درست　4۔ غلط　5۔ درست**

## باب نمبر 10 آریادور

مختصر سوال نمبر-1 آریا لوگ کون تھے؟ انھوں نے کیوں ترک وطن کیا؟

جواب: آریا وسطی ایشیا سے برصغیر آنے والی ایک نسل تھی۔ عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ ان کی آبادی زیادہ تھی جبکہ وسائل کم تھے۔ مجبور ہو کر ان کے زیادہ متحرک گروہوں میں سے کچھ مختلف علاقوں کی جانب سفر کرنے لگے۔

مختصر سوال نمبر-2 آریاؤں نے ذات پات کا کیا نظام رائج کیا؟

جواب: شروع میں چار ذاتیں بنائی گئیں۔ یہ ذاتیں برہمن، کھشتری، ویش اور شودر تھیں۔ ان سب ذاتوں کا دائرہ کار اور فرائض مختلف تھے۔ یہ ذاتیں پیدائشی تھیں جس خاندان میں کوئی پیدا ہوتا تھا وہ اسی ذات کا فرد سمجھا جاتا تھا۔ ذات تبدیل نہیں ہو سکتی تھی۔

تفصیلی سوال نمبر-5 گپت خاندان کے دورِ حکومت پر نوٹ لکھیں۔

جواب: گپت حکومت کے بانی چندر گپت اول اور اس کی اولاد نے تقریباً تین سو سال تک ہندوستان پر حکومت کی ہے۔ چندر گپت اول 320ء میں پٹنہ میں تختِ نشین ہوا۔ اس نے بہت تھوڑے عرصے مقامی راجاؤں کو کچل ڈالا اور اپنی حکومت کو پربت، اودھ اور بہار تک وسیع کر لیا۔ اس نے تقریباً پندرہ برس حکومت کی۔ چندر گپت اول کے بعد اس کا بیٹا سمدر گپت تختِ نشین ہوا۔ اس نے چالیس سال حکومت کی۔ سمدر گپت کے بعد 375ء میں اس کا بیٹا چندر گپت تختَ نشین ہوا اور وہ 38 سال تک حکمران رہا۔

1۔ خالی جگہ پُر کریں۔

1۔ نچلے 2۔ گوتم بدھ 3۔ مہاویر 4۔ سکندر اعظم 5۔ چندر گپت موریا

2۔ درست اور غلط بیانات کی نشاندہی کریں۔

1۔ غلط 2۔ غلط 3۔ غلط 4۔ غلط 5۔ غلط